More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

چوبیسواں سبق

پیشے

مشق

ا۔ مختصر جوابات لکھیے۔

(الف) پیشہ کیا ہوتا ہے؟

جواب: روزی کمانے کے لئے جو کام مستقل کیا جائے وہ پیشہ کہلاتا ہے۔

(ب) انسان کس طرح ایک دُوسرے کے کام آتا ہے؟

جواب: اصل میں انسان تنہا زندگی نہیں گزار سکتا۔ لہٰذا ہم ایک دُوسرے کی خدمت سے زندگی گزارتے ہیں۔ مثلاً گوالا ہمیں دودھ دیتا ہے، ہم درزی ہیں۔ لہٰذا ہم دُوسرے انسانوں کے کپڑے سیتے ہیں اور کوئی تیسرا شخص ٹیچر ہوتا ہے وہ تعلیم دیتا ہے اسی طرح معاشرے میں لوگ ایک دُوسرے کی خدمت کرتے ہیں۔

(ج) گوالا ہمیں کیا چیز فراہم کرتا ہے؟

جواب: وہ ہمیں دُودھ پہنچاتا ہے۔

(د) کسان کس طرح سے اناج اُگاتا ہے؟

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

جواب: وہ کھیتوں میں ہل چلاتا ہے، بیج ڈالتا ہے، آب پاشی کرتا ہے اس طرح اناج اُگاتا ہے۔

(ہ) بال کٹوانے کے لئے ہم کس کے پاس جاتے ہیں؟

جواب: ہم بال کٹوانے کے لئے نائی یا حجام کے پاس جاتے ہیں۔

(و) گوشت کی فراہمی کا ذریعہ کون بنتا ہے؟

جواب: قصاب گوشت کی فراہمی کا ذریعہ بنتا ہے۔

۲۔ دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	جملے
حقارت	انسان کو انسان سے حقارت نہیں کرنی چاہیے۔
گوالا	یہ گوالا پابندی سے دودھ فراہم کرتا ہے۔
خرچ	انسان کو احتیاط سے خرچ کرنا چاہیے۔
مصروف	ٹیچر مصروف انسان ہوتا ہے۔
فیض	اُستاد طلبہ کو فیض پہنچاتا ہے۔

۳۔ دیئے گئے پیشوں سے تعلق رکھنے والوں کے نام لکھیے۔

سبزی بیچنے والا	سبزی فروش	بال کاٹنے والا	نائی یا حجام
گوشت بیچنے والا	قصاب	نلکوں کا کام کرنے والا	پلمبر

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

جوتے گانٹھنے والا	موچی	دودھ لانے والا	گوالا
مکان بنانے والا	معمار، مستری	عطر بیچنے والا	عطر فروش
صفائی کرنے والا	جمعدار	گانا گانے والا	گویا

۴۔ دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کیجیے۔

خاطر، تن تنہا، کسان، دودھ، چائے، جانور، خاکروب

(الف) کسی خاکروب کو حقارت کی نظر سے دیکھنا درست نہیں۔

(ب) اپنی بھوک مٹانے کی خاطر ہم بازار سے سبزیاں لاتے ہیں۔

(ج) سبزیاں اُگانے کا کام کسان کرتا ہے۔

(د) اپنی ضروریات کے معاملات انسان تن تنہا انجام نہیں دے سکتا۔

(ہ) بچہ پیدا ہو کر اپنی بھوک مٹانے کے لئے دودھ پیتا ہے۔

(و) ہمارے معاشرے میں چائے کا رواج عام ہے۔

(ز) ہم خود جانور ذبح کرنے سے تو رہے۔

۵۔ دیئے گئے بیانات میں درست پر (✓) اور غلط پر (×) کا نشان لگائیں۔

(الف) موچی ہمارے لئے اناج اُگاتا ہے (×)

(ب) گوشت بیچنے والے کو قصاب کہتے ہیں (✓)

(ج) بکری کا دودھ بھی بچوں کو دیا جاتا ہے (✓)

(د) پلمبر مشینوں سے مکانات تعمیر کرتے ہیں (×)

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

(ہ) پیشے لوگوں کو روزی فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں (✓)

۶۔ درست جوابات پر (✓) نشان لگائیے۔

(الف) قصاب بیچتا ہے۔ سبزی، گوشت ✓، کپڑا، جوتے

(ب) جوتے مرمت کرنے والے کو کہتے ہیں۔

موچی ✓، درزی، مستری، کسان

(ج) گھروں میں نلکوں کی تنصیب کرتا ہے (الیکٹریشن، پلمبر ✓، حجام، لوہار

(د) فیض پہنچانے کا مطلب ہے۔

(فائدہ پہنچانا ✓، مال پہنچانا، کپڑے پہچانا، کھنا پہچانا)

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com